**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36۔کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**14نومبر2025ء**

# پریس ریلیز

## اسلام میں سربراہِ مملکت سمیت کسی شخص کے لیے بھی استثنا کی کوئی گنجائش نہیں۔
## اگر عدالتیں آزاد نہ ہوں گی تو عوام کے حقوق کا تحفظ کیسے ممکن رہے گا؟
## شرعی معاملات کی تشریح اور اُن پر فیصلہ کا اختیار جید علماء کرام کی اکثریت پر مشتمل وفاقی شرعی عدالت کے سپرد کیا جائے۔
## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** اسلام میں سربراہِ مملکت سمیت کسی شخص کے لیے بھی استثنا کی کوئی گنجائش نہیں۔تاحیات استثنا تو چوری پر سینہ زوری ہے۔اگر عدالتیں آزاد نہ ہوں گی تو عوام کے حقوق کا تحفظ کیسے ممکن رہے گا؟ شرعی معاملات کی تشریح اور اُن پر فیصلہ کا اختیار جید علماء کرام کی اکثریت پر مشتمل وفاقی شرعی عدالت کے سپرد کیا جائے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ حال ہی میں 27ویں آئینی ترمیم منظور کی گئی ہے جس میں سربراہِ مملکت کو تاحیات استثنا دے دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام میں ریاست اور مقتدر حلقوں کے سربراہ سمیت کسی کے لیے بھی کسی پہلو سے استثنا کی کوئی گنجائش نہیں۔اُنہوں نے کہا کہ آزاد عدلیہ ہی عوام کے جملہ آئینی اور قانونی حقوق کے تحفظ کی ضامن ہوتی ہے۔لہٰذا کسی بھی ریاست میں نظامِ عدل کا ہر حال میں بول بالا رہنا چاہیے تاکہ عوام کی دادرسی بھی ہو سکے اور اُن پر ظلم وجبر کو بھی روکا جا سکے۔البتہ اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ شرعی معاملات کو طے کرنے اور اس حوالے سے تشریح اور فیصلہ کرنے کا حق صرف وفاقی شرعی عدالت کے سپرد کیا جائے، جس میں جید علماء کرام کی اکثریت ہو۔اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ ایسی تمام آئینی شقوں اور قوانین کا خاتمہ کیا جائے جو شریعت کے منافی ہیں اور آئندہ کوئی قانون سازی قرآن وسنت کے منافی نہ کی جائے،اور یہ اصول پاکستان کے آئین میں بھی درج ہے۔اُنہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر قائم ہونے والے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں تمام قانون سازی قرآن وسنت کے دائرہ میں رہتے ہوئے کی جائے۔یہ اُسی صورت میں ممکن ہو گا جب آئین میں موجود اسلامی شقوں کو باقی تمام شقوں پر عملی طور پر بالادستی حاصل ہو گی۔لہٰذا حکومت آئین میں موجود غیر شرعی دفعات کے خاتمہ ،اسلامی دفعات کی دیگر پر بالادستی اور ملک میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کے نفاذ و قیام کو اپنی اولین ترجیح بنائے تاکہ ہم دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب وکامران ہوں سکیں۔

**جاری کردہ**
**رضاءالحق**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: 14 November 2025**

## Islam does not allow immunity for anyone, including the head of state.

## If the courts are not independent, how will the protection of the rights of masses remain possible?

## The interpretation of matters related to the Islamic Shariah and the authority to adjudicate on them should be entrusted solely to the Federal Shariat Court, consisting predominantly of eminent Ulema.

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** Islam does not allow immunity to anyone, including the head of state, whereas affording lifetime immunity is nothing short of a brazen attempt to provide protection for wrongdoings. If the courts are not independent, how will the protection of the rights of masses remain possible? The interpretation of matters related to the Islamic Shariah and the authority to adjudicate on them should be entrusted solely to the Federal Shariat Court, consisting predominantly of eminent and distinguished Ulema. These views were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer observed that recently the 27$^{th}$ Constitutional Amendment has been approved, under which the head of state has been granted lifetime immunity. The truth is that in Islam, there is no room for immunity for anyone, including the head of the state and the most powerful office-bearer of the establishment, in any respect. He said that an independent judiciary is the guarantor of the protection of the constitutional and legal rights of the masses. Therefore, the system of justice in any state must remain autonomous under all circumstances, so that the citizens of the country may receive justice, as well as be protected from oppression and coercion of any kind. However, special attention must be given to all matters pertaining to the Islamic Shariah, and the interpretation of questions related to the Islamic Shariah and the ensuing verdicts must be exclusively entrusted to the Federal Shariat Court, composed principally with the preponderance of eminent and distinguished Ulema. The Ameer demanded that all constitutional clauses and laws that are repugnant to Islam must be abolished, and no future legislation in contradiction to the Qur'an and Sunnah done – an established principle already engraved in the constitution of the Islamic Republic of Pakistan. The Ameer remarked that all legislation done in Pakistan, a country established on the basis of Islam, must remain within the bounds of the Qur'an and Sunnah. This, he remarked, will only be possible when the Islamic provisions in the Constitution are given practical supremacy over all other articles. Therefore, the government should make it its top priority to eliminate un-Islamic clauses from the Constitution, ensure the precedence and superiority of Islamic provisions over all other clauses and implement the Islamic system of collective justice in the country, so that we may succeed both in this world and the Hereafter.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**